سوال

(691) مولانا صاحب تقریبا ۲ ماہ سے میں ان بیماریوں میں مبتلا ہوں الخ

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مولانا صاحب تقریبا ۲ ماہ سے میں ان بیماریوں میں مبتلا ہوں ڈپریشن ، ذہنی ٹینشن ، دل کی بیماریوں کی وجہ سے گھبراہٹ ہی گھبراہٹ رہتی ہے ۔ بیماریوں کی وجہ سے نہ سکون ملتا ہے نہ چین اور نہ نیند آتی ہے ۔ آپ اللہ سے میرے لیے دعا کریں کہ اللہ ہم سب کو ان بیماریوں سے شفا عطا فرمائے ۔ بیماریاں یہ ہیں : تیزا بیت ، پیٹ اور سینے میں جلن ، قبض ، گیس اور دل کا ہر وقت گھٹنا اور زیادہ تیز دھڑکنا ، معدے پر سوج بھی رہتی ہے ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالیٰ آپ کی اور ہماری ہمہ قسم کی پریشانیاں اور بیماریاں دور فرمائے ۔ آمین یا رب العالمین ۔ جو آپ نے اپنی کیفیت لکھی ہے اس کے لیے تو ذکر و دعاء کا اہتمام فرمائیں وہ ذکر و دعاء مندرجہ ذیل ہیں :

1 ... ہر نماز کے بعد قرآن مجید کی آخری تینوں سورتیں قل ھو اللہ احد ... الخ ، قل اعوذ برب الفلق ... الخ اور قل اعوذ برب الناس ... الخ ۔ کم از ایک دفعہ ضرور پڑھیں ۔ 3 اور رات سوتے وقت باوضوء ہو کر دائیں کروٹ لیٹ کر دعاء : ((اَللّٰھُمَّ اَسْلَمْتُ وَجْھِیَ اِلَیْکَ وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَیْکَ)) [وَاَلْجَاْتُ ظَھْرِیْ اِلَیْکَ رَغْبَةً وَّرَھْبَةً اِلَیْکَ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجٰی مِنْکَ اِلَّا اِلَیْکَ اَللّٰھُمَّ اٰمَنْتُ بِکِتَابِکَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ وَبِنَبِیِّکَ الَّذِیْ اَرْسَلْتَ]4[''اے اللہ 1 تیرے ثواب کے شوق میں اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہوئے میں نے اپنے آپ کو تیرے سپرد کر دیا اور تجھے اپنا پشت پناہ بنا لیا تجھ سے بھاگ کر کہیں پناہ نہیں مگر تیرے ہی پاس اے اللہ 1 میں اس کتاب پر ایمان لایا جو تو نے اُتاری اور تیرے اس نبی پر یقین کیا جسے تو نے بھیجا ۔''] پڑھیں ۔

2 بخاری کتاب التہجد باب صلاۃ النوافل جماعۃ ۔ 3 ابوداؤد ابواب الوتر باب فی الاستغفار ۔

4 صحیح بخاری کتاب الوضوء باب فضل من بات علی الوضوئ ۔

نیز اس سے قبل قل ھو اللہ احد ... الخ تین مرتبہ ، قل اعوذ برب الفلق ... الخ تین مرتبہ اور قل اعوذ برب الناس ... الخ تین مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر پھونک لگا کر دونوں ہاتھ پورے بدن پر ملنے ہیں ، دوسری دفعہ پھر اسی طرح کرنا ہے تیسری دفعہ پھر اسی طرح کرنا ہے ۔ ان تین دفعات میں مذکورہ تینوں سورتوں میں سے ہر ایک سورت نو دفعہ پڑھی جائے گی ۔

2...دعائ : ((اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْعَجْزِ وَالْکَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَضَلَعِ الدَّیْنِ وَغَلَبَۃِ الرِّجَالِ)) 1[''اے اللہ! میں غم اور پریشانی سے تیری پناہ چاہتا ہوں عاجزی اور سستی اور بزدلی اور بخل اور قرضے کی زیادتی اور آدمیوں کے غلبہ سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ ''] وقتاً فوقتاً پڑھتے رہیں نماز کے پہلے اور دوسرے التحیات میں بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اور نماز کے سجدوں میں بھی پڑھ سکتے ہیں۔

3...وقتاً فوقتاً اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر پڑھیں : ((بِسْمِ اللّٰہِ)) تین مرتبہ اور ((اَعُوْذُ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ)) 2[''میں اللہ کے غلبے و قدرت کے ساتھ پناہ چاہتا ہوں اس تکلیف سے جسے میں پاتا ہوں اور اس سے بچنا چاہتا ہوں۔ ''] سات مرتبہ۔ ان شاء اللہ العزیز آپ کی پریشانی و بیماری رفع ہو جائے گی باذن اللہ تبارک و تعالیٰ۔

اور دوسرے مندرجہ ذیل دواء استعمال فرمائیں بہت فائدہ ہوگا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

سالٹ ۲۲۵ گرام، نوشادر ٹھیکری ۲۵ گرام، کلمی شورہ ۲۵ گرام، فولاد پتری ۲۵ گرام، ہیرا کسیس ۵ گرام۔

فولاد پتری کے علاوہ چاروں چیزیں دوری میں باریک کر لیں فولاد پتری بھی باریک کر سکتے ہیں اس کے بعد ان پانچوں چیزوں کو ایک بڑی روح افزا والی بوتل میں ڈال لیں اور بوتل کو گلاب کے عرق سے بھر کر خوب ہلائیں دوائی تیار ہو جائے گی۔ یہ دوائی خالی پیٹ نہ کھائیں۔ شام کا کھانا کھاتے ہی ایک دو چمچ پی لیں، زیادہ مقدار میں مت پئیں۔ جب کھانے کے دو تین لقمے رہ جائیں تو دوائی پی لیں اور باقی ماندہ دو تین لقمے بعد میں کھائیں تاکہ منہ کا ذائقہ صحیح ہو جائے۔ دوائی پینے سے پہلے بوتل خوب ہلا لیں۔ کچھ دن دوائی استعمال فرمائیں اگر کمزوری محسوس ہو تو دوائی کا کچھ دن ناغہ کر لیں۔ دوائی کی ایک خوراک اپنی طبیعت کے پیش نظر کم یا زیادہ بھی کر سکتے ہیں۔ ان شاء اللہ العزیز یہ دوائی استعمال کرنے سے قبض اور گیس وغیرہ کی بیماریاں جاتی رہیں گی نیز جگر و معدہ کی اصلاح ہو جائے

1 صحیح بخاری کتاب الدعوات باب الاستعاذۃ من الجبن والکسل۔

2 رواہ مسلم۔ مشکوٰۃ کتاب الجنائز باب عیادۃ المریض الفصل الاوّل۔

گی، پھر دل کی دھڑکن وغیرہ بھی ختم ہو جائے گی، باذن اللہ تعالیٰ و توفیقہ۔ ۲۹ ۵ ۱۴۲۱ھ

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02ص694

محدث فتویٰ